المستدرك

على الصحيحين

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمه

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

جلد 6

تصنیف

للإمام الحافظ أبي عبد الله محمد بن عبد الله الحاكم النيسابوري

ترجمہ

الشيخ الحافظ أبي الفضل محمد شفيق الرحمن القادري الرضوي

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

نام کتاب ———— المستدرک (جلد ششم)

تصنیف ———— للامام الحافظ ابی عبد اللہ محمد بن عبد اللہ الحاکم النیسابوری

مترجم ———— الشیخ الحافظ ابی الفضل محمد شفیق الرحمٰن القادری الرضوی

پروف ریڈنگ ———— مزمل ریاض انصاری

کمپوزنگ ———— ورڈز میکر

باہتمام ———— ملک شبیر حسین

سن اشاعت ———— دسمبر 2013ء

سرورق ———— باھو گرافکس

طباعت ———— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ ———— روپے

شبیر برادرز
40۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو ضرور مطلع کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

پھر انہوں نے فتنوں کا ذکر کیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نہیں دیکھتا کہ تو اپنی ایڑھیوں کے بل پلٹ جائے گا۔ اس میں خون کا ایک قطرہ بھی نہیں بہے گا۔ آدمی صبح ایمان کی حالت میں کرے گا اور شام کو کافر ہو چکا ہوگا، یا صبح کو کافر ہوگا اور شام کو مومن ہو چکا ہوگا، وہ فتنے میں قتال کرے گا، کل اللہ تعالیٰ اسے قتل کر دے گا۔ اس کا دل الٹا ہو جائے گا، اس کی سرین بلند ہو جائے گی۔ حضرت حذیفہ نے کہا: تم نے سچ کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں فتنوں کے بارے میں ایسے ہی بتایا ہے۔

❀❀ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔ اور یہ ابوثور کبار تابعین میں سے ہیں، اور ابوالبختری نے حضرت حذیفہ کو پایا ہے۔

8352 – اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَرْوَمَةَ، ثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حَفْصٍ، ثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ شَيْخٌ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُخَيَّرُ فِيْهِ الرَّجُلُ بَيْنَ الْعَجْزِ وَالْفُجُورِ، فَمَنْ اَدْرَكَ ذٰلِكَ الزَّمَانَ فَلْيَخْتَرِ الْعَجْزَ عَلَى الْفُجُورِ

هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحُ الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُخَرِّجَاهُ " وَاِنَّ الشَّيْخَ الَّذِيْ لَمْ يُسَمِّ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ هُوَ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ خَيْرَةَ

(التعليق – من تلخيص الذهبی)8352 – صحيح

✧✧ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی کو عجز اور گناہ کے درمیان اختیار دیا جائے گا۔ جو وہ زمانہ پائے اس کو چاہیے کہ گناہ پر عجز کو ترجیح دے۔

❀❀ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے لیکن امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ اور امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو نقل نہیں کیا۔ اور سفیان ثوری نے اپنے جس استاد کا نام ذکر نہیں کیا اور داؤد ابن ابی ہند سے روایت کی ہے، وہ سعید بن ابی خیرہ ہیں۔ جیسا کہ درج ذیل حدیث کی سند سے واضح ہے۔

8353 – حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الشَّافِعِيُّ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مَيْمُوْنٍ، ثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَنْبَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ خَيْرَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَاْتِيْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يُخَيَّرُ فِيْهِ الرَّجُلُ بَيْنَ الْعَجْزِ وَالْفُجُورِ، فَمَنْ اَدْرَكَ مِنْكُمْ ذٰلِكَ الزَّمَانَ فَلْيَخْتَرِ الْعَجْزَ عَلَى الْفُجُورِ

✧✧ داؤد ابن ابی ہند، سعید بن ابی خیرہ کے واسطے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا، کہ آدمی کو عجز اور گناہ میں سے کوئی ایک چیز اختیار کرنے کو کہا جائے گا، جو شخص وہ زمانہ پائے، اس کو چاہیے کہ وہ گناہ پر عجز کو ترجیح دے۔

8354 – اَخْبَرَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَنَزِيُّ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيْدٍ الدَّارِمِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ